تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

December 20, 2024

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے مشیر فاطمہ نرسری اسکول کے انول اسپورٹس ڈے میں اسپورٹس مین شپ اور فٹنیس منایا گیا

مشیر فاطمہ اسکول، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے مورخہ انیس دسمبر دو ہزار چوبیس کو جسمانی سرگرمیوں اور کمیونی ٹی اسپرٹ کے ساتھ اپنا انول اسپورٹس ڈے منایا۔ اسکول کے سالانہ کھیل کود پروگرام کے موقع پر مہمان خصوصی کی حیثیت سے جامعہ کے مسجل پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی نے شرکت کی۔

اسپورٹس ڈے کا آغاز ماس ڈرل سے ہوا جس میں اسکول کے نونہالوں نے رنگ برنگی پوشاکوں میں شرکت کی جن سے ان کی دلچسپی اور شوق کا اندازہ ہو رہا تھا۔ اپنی دلچسپ تقریر میں مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اوائل طفولیت میں اسپورٹس کی اہمیت پر زور دیا اور طلبہ سے کہا کہ اپنی دلچسپی کے میدان کو پہچانیں اور جسمانی سرگرمیوں یعنی کسرت کا شوق پیدا کریں۔

اسکول کی ہیڈ مسٹریس محترمہ رخسانہ پروین نے پروگرام میں شرکت اور بچوں کے ساتھ ان کی حکمت سے بھرپور اور حوصلہ افزا تقریر کے لیے ان کا شکریہ ادا کیا۔ انھوں نے کہا کہ ''مشیر فاطمہ اسکول میں انول اسپورٹس ڈے کا مطلب مقابلہ نہیں ہے بلکہ آموزگاروں کے درمیان اعتماد، دوستی اور انسلاک کا احساس پیدا کرنا ہے۔

کنٹرولر امتحانات پروفیسر سروج کمار مہانندا نے پروگرام میں مہمان اعزازی کی حیثیت سے شرکت کی اور ننھے منے بچوں کے مسحور کن مظاہروں کی تعریف کی اور اساتذہ اور اسٹاف کا شکریہ ادا کی کہ انھوں نے پروگرام کے لیے بچوں کو اس کی تربیت دی۔

پورے پروگرام میں بچوں نے تفریح سے بھرپور سرگرمیوں میں حصہ لیا جس میں ہین اینڈ لیمون بیلنسینگ ریسز، رکاوٹ والی دوڑ، ٹو ٹائز ریسیز اور ٹیم گیمز شامل ہیں جو ٹیم ورک اور صحت مند شرکت کو فروغ دیتے ہیں۔ والدین اور فیملی اراکین نے اپنے بچوں کے لیے تالیاں بجائیں جس سے تعاون وحمایت اور جوش کا ماحول پیدا ہو گیا۔ اسٹیشنری کے سامان اور اسمائلی بالز والے گفٹ پیک تمام بچوں کے دیے گئے۔ یہ موقع صرف کسرتی طاقت کی نمائش کا نہیں تھا بلکہ اسپورٹس مین شپ اور فٹنیس کا بھی جشن منانا تھا۔

شان دار اختتامی تقریب کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا جس میں مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جسمانی سرگرمی کے لیے ایک سازگار ماحول کے فروغ کے تئیں اسکول کے عہد اور طلبہ کی کوششوں کے لیے تعریف کی۔

ہیڈ مسٹریس نے پروگرام میں شامل تمام والدین، اسٹاف اور رضا کاروں کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا۔انھوں نے مزید کہا کہ ''صحت اور فٹنیس کے لیے زندگی کے ساتھ چلنے والے جذبے کے لیے ہم ساتھ ساتھ ایک سرچشمہ تعمیر کر رہے ہیں۔

تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی